السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسے مجسموں کا کیا حکم ہے جو گھروں میں محض زینت کے لیے رکھے جاتے ہے جبکہ ان کی عبادت نہیں ہوتی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

گھروں میں دفتروں میں مجالس میں تصاویر یا حنوط شدہ حیوانات آویزاں کرنا جائز نہیں۔ لٹکانے حرمت پر دلالت کرتی ہیں۔ اس لیے کہ یہ چیزیں اللہ سے شرک کا ذریعہ ہیں اور اس لیے بھی اللہ کی مخلوق کی مشابہت اور اللہ کے دشمنوں کی نقالی ہے اور حنوط کردہ جانوروں کو آویزاں کرنے میں مال کے ضیاع کے علاوہ اللہ کی دشمنوں کی نقالی بھی ہے۔ جس سے جانوروں کی تصویر کشی کا دروازہ کھل جاتا ہے جبکہ شریعت اسلامیہ ایسے ذرائع کو مکمل طور پر بند طور کر دیتی ہے جو شرک یا گناہ کے کاموں کی طرف لے جاتے ہیں۔ نوح کی قوم میں ان کے زمانہ کے پانچ بزرگوں کی تصویر کشی کی وجہ سے ہی شرک رائج ہوا تھا ان لوگوں نے ان کے مجسمے اپنی مجلسوں میں نصب کر رکھے تھے۔ جیسا کہ اللہ سبحانہ نے اپنی کتاب مبین میں اس کی یوں وضاحت فرمائی ہے کہ:

وَقالوا لا تَذَرُنَّ ءالِهَتَكُم وَلا تَذَرُنَّ وَدًّا وَلا سُواعًا وَلا يَغوثَ وَيَعوقَ وَنَسرًا ٢٣ وَقَد أَضَلّوا كَثيرًا... ٢٤ ... سورة نوح

''اور کہنے لگے کہ اپنے معبودوں کو ہر گز نہ چھوڑنا اور ود، سواع یغوث، یعوق اور نسر کو کبھی ترک نہ کرنا اور انہوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر دیا ہے''

گویا ایسے لوگوں کیان ناپسندیدہ کاموں سے بچنا ضروری ہے جس کی وجہ سے وہ شرک میں جا پڑے تھے۔ صحیح حدیث میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی بن ابی طالب سے فرمایا:

«لَا تَدَعْ صورةً إِلَّا طَمَسْتَهَا، ولا قبرًا مشرفًا إِلا سوَّيته»

''جو بھی تصویر یا مجسمہ دیکھو اسے مٹا دو اور جو قبر اونچی دیکھو اسے برابر کر دو۔

مسلم نے اپنی صحیح میں اس حدیث کی تخریج کی ہے نیز آپ ﷺ نے فرمایا:

«أَشَدُّ النَّاس عذابًا يومَ القيامة المصوِّرون»

''قیامت کے دن سب سے سخت عذاب مصوروں کو ہوگا''

اس حدیث صحت پر اتفاق ہے اور اس بارے میں اور بھی بہت سی احادیث ہیں... اور توفیق عطا کرنے والا تو اللہ تعالی ہی ہے۔

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

جلد1

محدث فتویٰ